ٹیلی ہیلتھ کے بارے میں معلومات

مندرجہ ذیل معلومات ویڈیو کانفرنسنگ ٹیکنالوجی کے بارے میں ہیں۔ برائے مہربانی اس دستاویز کو غور سے پڑھیں اور اگر اس بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو ہمیں ان سے آگاہ کریں۔ رضامندی فارم پر اس دستاویز سے متعلقہ بیان سے اتفاق کرنے کی صورت میں، یہ ہمارے اور آپ کے درمیان مشترکہ معاہدہ کی نمائندگی کرے گا۔

زوم ایسا پلیٹ فارم ہے جس کے ذریعے آن لائن ویڈیو کانفرنسنگ کال کی جاتی ہے۔ یہ آپ کے لیے ایک مفت سروس ہے۔ آپ ای میل پر مہیا کردہ لنک کے ذریعے زوم تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

تکنیکی ضروریات

- آپ کے پاس انٹرنیٹ (وائی فائی یا ڈیٹا) ہونا چاہیے، اور زوم استمال کرنے کے لیے ایک کیمرے والا کمپیوٹر ہونا چاہیے تا کے ہم ایک دوسرے کو دیکھ سکیں۔ اگر آپ کے کمپیوٹر میں کیمرہ نہیں ہے تو انٹرویو کی بکنگ کے وقت ہمیں اس سے آگاہ کریں۔ انٹرویو کے دوران، کسی بھی قسم کے تکنیکی مسائل کے حَل کے لیے ریسرچ اسسٹنٹ آپ کی مدد کرے گا / گی۔
- انٹرویو کے دوران، ہم آپ کو سوالنامے آن لائن بھرنے کے لیے لنکس بھیجیں گیں۔ ریسرچ اسسٹنٹ آپ کو ان سوالناموں کو بھرنے کا طریقہ کار بتائے گا / گی۔
- برائے مہربانی ہمیں اپنے کسی قریبی شخص (جو آپ کے ببل میں ہو) کا فون نمبر مہیا کریں۔ جو انٹرویو کے دوران ضرورت پڑنے پر آپ کو مدد فراہم کر سکے۔

ریکارڈنگ

ہم زوم سیشن کی ریکارڈنگ نہیں کریں گیں، اور نہ ہی آپ کو زوم سیشن کی ریکارڈنگ کرنی چاہیے۔

سیکورٹی

یونیورسٹی آف آوٹاگو مکمل زوم سافٹ ویئر مہیا کرتا ہے، جو سیکورٹی خصوصیات کا حامل ہے۔ مثلاً پاس ورڈ پروٹیکشن اور ویٹنگ روم فنکشن کے ذریعے کنٹرول کیا جا سکتا ہے کہ کون کون میٹنگ میں شرکت کرسکتا ہے۔

ٹیلی ہیلتھ کے ممکنہ فوائد اور خطرات

ٹیلی ہیلتھ سے مراد ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے صحت سے متعلق تشخیص اوردیگر سروسز کی فراہمی ہے۔ ٹیلی ہیلتھ کے فوائد میں سے ایک یہ بھی ہے کہ شرکاء اور انٹرویو لینے والے ایک مقام پرموجود ہوئے بغیر بھی سروسز تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم، ٹیلی ہیلتھ کو مؤثر بنانے کے لئے دونوں افراد کی تکنیکی قابلیت ضروری ہے۔ اگرچہ ٹیلی ہیلتھ کے فوائد ہیں، لیکن ہمیں اِس کے ممکنہ خطرات کا ذکر کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

- رازداری کو دَر پیش ممکنہ خطرات

چونکہ ٹیلی ہیلتھ سیشن آپ کے گھر پر منعقد ہوتے ہیں، اس لئے دوسرے لوگوں کا ہمارے انٹرویو کو سننے کا امکان موجود رہتا ہے۔ آپ کے لئے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ انٹرویو ایسی نجی جگہ پر کیا جائے جہاں کسی قسِم کی (خصوصاً بچوں کی) مداخلت نہ ہو اور نہ ہی کوئی اور ہمارے انٹرویو کو سن سکے۔ ہم بھی آپ کی رازداری کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکنہ اقدام اٹھائیں گیں، جس میں ہیڈ فون کا استعمال اور ایک پرائیویٹ کمرے میں تنہا ہونا شامل ہے۔

- ٹیکنالوجی سے متعلقہ مسائل

تکنیکی مسائل ٹیلی ہیلتھ سیشن کے ربط کو بہت طرح سے متاثر کرسکتے ہیں، مثال کے طور پر سیشن کے دوران ٹیکنالوجی کام کرنا چھوڑ دے۔ تکنیکی مسائل کی صورت میں، ہم آپ کو کال کریں گے اور تکنیکی مسائل حل کرنے میں آپ کی رہنمائی کریں گے۔ ناکامی کی صورت میں انٹرویو ملتوی کیا جا سکتا ہے۔

- رازداری، کرائسس مینجیمینٹ، اور انٹروینشن

اس اسٹڈی میں فراہم کردہ تمام معلومات کو مکمل رازداری سے رکھا جائے گا اور ان معلومات کو مرکزی ٹیم کے باہر شیئر نہیں کیا جائے گا۔ ہماری اس رازداری کو توڑنے کی واحد وجہ یہ ہو گی کہ اگر آپ ہم سے شیئر کریں کہ آپ خود کو یا کسی اور کو نقصان پہنچا سکتے ہیں، یا آپ کو خود کوئی سنگین خطرہ لاحق ہے۔ اِس صورت میں، ہم آپ کے ساتھ اِس سلسلے میں مدد حاصل کرنے پر گفتگو کریں گے۔ اس صورت میں، ہم آپ کے نامزد کردہ فرد (support person) سے رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔ رازداری میں استثناء کے بارے میں اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو ہمیں ان سے آگاہ کریں۔